

Jab kabhi wo dene wala mauj me aa ja'aye hai
De ke phir asoodgi, bunday ko purkha ja'aye hai

Koi to mai-khwar aisa ho ke aapay main rahay
Thhokarain khha ke to sub ko he samajh aa ja'aye hai

Jitna hum aadab-e-mehfil main simuttay ja'ain hain
Utna wo begana-e-adaab phaila ja'aye hai

Aap ka khunjar hamari gurdanon pur ho to khair
Hum agar uff bhee karain to zulm sumjha ja'aye hai

Jaada-e-ta'eed upna'ain ke raah-e-ikhtlaf
Bud gumanee ki taraf, hur aik rusta ja'aye hai

Paich aisa hay putangon ka koi kuttee nahin
Dor ka ub to sira haton se nikla ja'aye hai

In ko aankhen mut kaho, chehray pe do dhhubbay kaho
Warna itna zulm kub aankhon say dekha ja'aye hai

Murtaza Birlas
(Girah-e-Neembaaz)

جب کبھی وہ دینے والا موج میں آ جائے ہے
دے کے پھر آسودگی، بندے کو پرکھا جائے ہے

کوئی تو مے خوار ایسا ہو کہ آپے میں رہے
ٹھوکریں کھا کے تو سب کو ہی سمجھ آ جائے ہے

جتنا ہم آدابِ محفل میں سمٹتے جائیں ہیں
اتنا وہ بیگانۂ آداب پھیلا جائے ہے

آپ کا خنجر ہماری گردنوں پر ہو تو، خیر
ہم اگر اُف بھی کریں تو ظلم سمجھا جائے ہے

جادۂ تائید اپنائیں کہ راہِ اختلاف
بدگمانی کی طرف، ہر ایک رستہ جائے ہے

پیچ ایسا ہے پتنگوں کا کوئی کٹتی نہیں
ڈور کا اب تو سرا ہاتھوں سے نکلا جائے ہے

ان کو آنکھیں مت کہو، چہرے پہ دو دھبے کہو
ورنہ اتنا ظلم کب آنکھوں سے دیکھا جائے ہے



Copyright (C) Reserved by Author